آپ نے پوچھا

از: مولانا محمد فیاض خان سواتی

مولانا سید حسین احمد مدنیؒ اور علامہ اقبال

سوال: کیا یہ بات درست ہے کہ علامہ اقبالؒ نے شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے خلاف توہین آمیز اشعار کہے تھے؟ (عبد العزیز، نوشہرہ صدر)

جواب: آج سے تقریباً ۵۲ سال قبل شیخ العرب والعجم اسیر مالٹا حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ نے دہلی میں ایک تقریر فرمائی تھی جو دلی کے اخبار "الامان" میں کافی ردو بدل کے ساتھ شائع ہوئی اور اسے روزنامہ "احسان" لاہور نے بھی شائع کر دیا جس کو پڑھ کر علامہ اقبالؒ نے چند اشعار کہہ ڈالے لیکن حقیقت حال سے واقف ہونے کے بعد اپنے اشعار سے رجوع فرمالیا۔ اس رجوع کے ۲۳ دن بعد ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو علامہ اقبال انتقال فرما گئے ان کے آخری کلام کا مجموعہ "ارمغانِ حجاز" ان کی وفات کے بعد نومبر ۱۹۳۸ء میں شائع ہوا تو ان اشعار کو بھی اس مجموعہ کے آخر میں درج کر دیا گیا جو ابھی تک شائع ہوتے چلے آرہے ہیں اشعار یہ ہیں

عجم ہنوز نداند رموز دیں ورنہ ۔۔۔ ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی است
سرود بر سر منبر کہ ملت از وطن است ۔۔۔ چہ بے خبر ز مقام محمدؐ عربی است
بہ مصطفےٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست ۔۔۔ اگر بہ او نرسیدی تمام بولہبی است

یہ اختلاف قومیت کے مسئلہ پر تھا لیکن جب علامہ طالوت کی وساطت سے مولانا حسین احمد مدنیؒ کا صحیح موقف علامہ اقبالؒ تک پہنچا تو انہوں نے معذرت نامہ بھی روانہ کیا جو ۲۸ مارچ ۱۹۳۸ء کو روزنامہ احسان لاہور میں شائع ہوا تھا۔

غیر مسلموں کو زکوٰۃ و عشر دینا؟

سوال: غیر مسلموں کو زکوٰۃ صدقہ یا عشر دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ شریعت کے اندر اس کا کیا حکم ہے؟ (احسان اللہ لاہور)